سوال

(52) جیب میں اذکار کی کتاب اور طہارت

جواب

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته

اگر کسی کی جیب میں اللہ کا نام، قرآن کی کوئی سورت یا دعاؤں کی کتاب ہو تو وہ پشاب، پاخانے کےلیے جا سکتا ہے یا نہیں؟ جبکہ اس قسم کی روایات (کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم) انگوٹھی اتارتے تھے سب کی سب ضعیف ہیں۔ (حبیب اللہ، پشاور)

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیكم السلام ورحمة الله وبركاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

انگوٹھی اتارنے والی روایت ضعیف ومنکر ہے دیکھئے سنن ابی داود (ح 19 نیل المقصود) وغیرہ، باقی امور کے بارے میں خود اجتہاد کرلیں۔ بہتر یہی ہے کہ سورتوں وغیرہ کو کسی محفوظ جگہ رکھ کر ہی بیت الخلاء میں داخل ہوں۔ واللہ اعلم۔ (شہادت جنوری 2003ء)

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاوی علمیہ

جلد1۔کتاب العقائد۔صفحہ 197

محدث فتویٰ